# نیلام عام برائے (سلاٹرنگ فیس)

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ اپنے سلاٹر ہاؤس واقع پرانی گھاس منڈی لاہور روڈ کا سالانہ کرایہ درج ذیل سلاٹرنگ فیس (بمطابق درج ذیل شرح) 30 جون 2026 تک کی نیلامی بتاریخ مورخہ 18 جون 2025 کو 11:00 بجے دن بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ 42۔سرور روڈ لاہور کینٹ میں منعقد ہوگی۔خواہشمند حضرات بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔مقررہ تاریخ کو نیلامی کے عدم انعقاد یا ناکام ہونے کی صورت میں دوبارہ بتاریخ 19/20 جون 2025 کو منعقد ہوگی جس کیلئے کوئی علیحدہ اشتہار شائع نہیں کیا جائیگا۔

**جدول فیس**

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | اونٹ (Camel) | -/2000 روپے (فی کس) |
| ب۔ | بھینس، گائے | -/500 روپے (فی کس) |
| پ۔ | بکرا، بھیڑ وغیرہ (چھوٹا جانور) | -/300 روپے (فی کس) |

**شرائط وضوابط**

1۔ بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ رقم -/25,00,000 روپے کی زرضمانت کال ڈپازٹ کسی بھی شیڈولڈ بینک کی جاری کردہ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بولی شروع ہونے سے پہلے بمعہ ایک عدد کاپی شناختی کارڈ (CNIC) جمع کروانا ہوگی۔بصورت دیگر نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

2۔ ٹھیکہ کی مدت یکم جون 2025 تا 30 جون 2026 تک ہوگی جو کہ ناقابل تجدید ہے۔

3۔ کسی بھی ادارے کا نادہندہ مذکورہ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

4۔ ناغہ والے دن سلاٹرنگ کی سختی سے ممانعت ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 50 فیصد نیلامی کے خاتمہ پر اور باقی 50 فیصد ٹھیکہ کی منظوری کے وقت جمع کروانا ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ SOP پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ انکم ٹیکس FBR کے جاری کردہ قوانین کے مطابق ہوگا۔

8۔ ٹھیکہ مذکورہ پر مروجہ PPRA قوانین لاگو ہیں۔

9۔ شرائط وضوابط ودیگر تفصیلات کینٹ بورڈ لاہور اور PPRA Website پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ

111-042-522